Estd. 1860

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (4)159 کے تحت نوٹس

بذریعہ ہذا نوٹس مری بروری کمپنی لمیٹڈ کے ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت درج ذیل افراد نے بروز پیر، بتاریخ 24 جولائی، 2023ء بوقت صبح 10:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 3۔ نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی میں منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں بطور امیدوار پیش کرنے کے ارادے کے نوٹس جمع کرائے ہیں:

1. چوہدری معین افضل
2. جناب اسفن یار ایم بھنڈارا
3. جناب عامر حسین شیرازی
4. مسز گوشی ایم بھنڈارا
5. پروفیسر خالد عزیز مرزا
6. جناب شہباز حیدر آغا
7. جناب پرویز اختر

چونکہ انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مقرر کردہ تعداد سے زیادہ نہیں ہے لہٰذا مندرجہ بالا افراد کو 27 جولائی، 2023ء سے شروع ہونے والی اگلی تین سال کی مدت کے لئے کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر منتخب سمجھا جائے گا۔

## خصوصی کاروبار پر الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ کا طریقہ کار

ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 میں درج ہدایات اور شرائط کے مطابق کمپنی کے ممبران کو 24 جولائی 2023ء بوقت صبح 10 بجے کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کے لئے الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی۔

ممبران کی سہولت کے لئے بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ www.murreebrewery.com پر بھی ڈاؤن لوڈ کے لئے دستیاب ہے۔

بحکم بورڈ

چودھری وقار اے کاہلوں
کمپنی سیکریٹری

راولپنڈی
14 جولائی 2023ء

**ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**

a) ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ بذریعہ ای میل شیئر کی جائیں گی جن کے بروز جمعہ، بتاریخ 21 جولائی 2023ء کے کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں درست شناختی کارڈ نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس دستیاب ہوں گے۔

b) ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات کے حوالے سے ممبران کو بذریعہ ای میل آگاہ کیا جائے گا۔ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو سیکیورٹی کوڈ سے آگاہ کیا جائے گا۔

c) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے ممبران کی شناخت، الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے یقینی بنائی جائے گی۔

d) ای ووٹنگ لائنیں 19 جولائی 2023ء سے شروع ہوں گی اور 23 جولائی 2023ء کو شام 5 بجے پر بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ممبر کی طرف سے ایک بار قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، ووٹ کو بعد ازاں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:**

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپی کے ساتھ مکمل پر کئے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر 23 جولائی 2023ء کو غیر معمولی اجلاس عام سے ایک دن قبل کاروباری اوقات کے دوران کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، 3۔ نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی پر اجلاس کے چیئرمین تک بذریعہ ڈاک یا ای میل general.meetings@murreebrewery.com پر پہنچیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کا شناختی کارڈ پر دستخط کے ساتھ مماثلت ہونا ضروری ہے۔